beat asthma

مجھے کیسا پتہ چلے گا کہ یہ دمے کا دورہ ہے

یہ بہت اہم ہے کہ آپ اپنے بچے میں دمہ کی علامات اور اس کے دورے کو جانیں۔ یاد رکھیں کہ دمہ کا دورہ کئی دنوں میں بتدریج ظاہر ہو سکتا ہے۔ بروقت اس کو پہچاننے سے آپ کے بچے کی حالت خراب ہونے اور ہسپتال آنے کی ضرورت سے بچانے میں مدد ملے گی۔

دمہ کے دورے کے دوران آپ کے بچے کو مندرجہ علامات میں سے ایک یا زیادہ ہو سکتی ہیں:

زورزور سے اور بہت تیز سانس لینا

شاید آپ نوٹ کریں کہ آپ کا بچہ تیز تیز سانس لے رہا ہے یا اس کے سینے میں 'کچھاوَ' ہو رہا ہے جو کہ پسلیوں کے بیچ والے یا پسلیوں کے نیچے والے پٹھوں کا کچھاوَ ہے۔

وہیزنگ (WHEEZING) یعنی سینے سے سیٹی جیسی آواز آنا

یہ عام طور پر ایک تیز سیٹی جیسی آواز ہوتی ہے جو کہ سانس لینے یا باہر نکالنے کے وقت سنی جا سکتی ہے؛ یہ ایسی آواز ہے جو کہ دمہ کی وجہ سے ہوا کی نالیوں میں سوجن اور ان کے تنگ ہونے سے پیدا ہوتی ہے۔

کھانسی

آپ کے بچے کو بتدریج خراب ہوتی ہوئی کھانسی ہوسکتی ہے، خصوصاً رات کو جو اسے آرام سے سونے نہ دے رہی ہو۔

سانس کا چڑھنا

آپ کا بچہ کم ایکٹیو یعنی کم چست لگ سکتا ہے، اور کھانے سے انکار کرے گا بلکہ اسے بے چینی بھی ہوسکتی ہے۔ یہ اس بات کی نشانی ہوسکتی ہے کہ انہیں اس قدر سانس چڑھی ہوئی ہے کہ وہ دوڑنے پھرنے، کھانے یہاں تک کہ سونے کی سکت بھی نہیں رکھتے۔

پیٹ یا سینے میں درد

یاد رکھیں کہ چھوٹے بچے اکثر پیٹ میں درد کی شکایت کرتے ہیں حالانکہ ان کی تکلیف کی وجہ ان کا سینہ ہوتا ہے۔

آرام پہنچانے والے انہیلر (INHALER) کا زیادہ استعمال

اگر آپ کا بچہ کافی عمر کا ہو، تو وہ دورے کے دوران آرام پہنچانے والے انہیلر کو زیادہ مانگے گا/گی یہ اہم ہے کہ آپ اپنے بچے کے دمے والے ایکشن پلان پر عمل کریں اور آپ کو پتہ ہو کہ کس وقت مدد حاصل کیا جائے جب آرام پہنچانے والا انہیلر بچے کی حالت بہتر بنانے میں ناکام ہو۔